سیرت نگاری میں امام حلبیؒ کا مقام

جناب نوید احمد شہزاد

ذخیرۂ سیرت کی ایک اہم اور مشہور کتاب السیرۃ الحلبیۃ ہے۔اس کے مصنف امام علی بن برہان الدین حلبی ہیں۔ یہ کتاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احوال اور معمولات جاننے کے لیے ایک اہم ماخذ کی حیثیت رکھتی ہے۔اس کی تالیف کے بعد علماء نے امام حلبی کو ایک بڑے سیرت نگار کے طور پر تسلیم کیا ہے۔

امام علی حلبیؒ۔مختصر احوال

امام حلبیؒ کا مکمل نام ونسب اس طرح ہے: علی بن برہان الدین بن ابراہیم ابن احمد بن علی بن عمر بن الحلبی الشافعی۔ آپ کا لقب نور الدین ہے۔[۱] بعض جگہ آپ کی کنیت ابو الفرج بھی مذکور ہے۔[۲] آپ ۹۷۵ھ/ ۱۵۶۷ء میں مصر کے دار الحکومت قاہرہ میں پیدا ہوئے۔ چوں کہ آپ کے آباء واجداد کا وطن حلب تھا، اس لیے آپ علی حلبی کہلائے۔[۳]

امام حلبی نے اپنے وقت کے جلیل القدر اساتذہ سے علمی استفادہ کیا۔ ان میں الشیخ شمس الرملی، شہاب بن قاسم، ابراہیم علقمی، صالح بلقینی، سالم شبشیری، محمد الخفاجی، علی بن غانم المقدسی، سالم سہنوری اور محمد بن ترجمان حنفی وغیرہ کے نام قابلِ ذکر ہیں۔[۴]

علمی حیثیت

تذکرہ نگاروں نے امام حلبی کو اساطینِ علم میں شمار کیا ہے۔اوران کو امام کبیر اور علامۂ زماں کا خطاب دیا ہے۔ان کے متعلق المحبی نے لکھا ہے: